Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

20 مئی 2014

برائے رابطہ: اینڈریو آرمسٹرانگ، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی حکومت کے تعاون سے سکھر میں 11 اسکولوں کی تعمیر کے منصوبے کا آغاز

سکھر۔ امریکی حکومت کے تعاون سے 155 ملین ڈالر کی لاگت سے 11 اسکولوں کی تعمیر کے منصوبے کا آغاز کر دیا گیا۔ اس منصوبے کے پہلے اسکول کی تعمیر کا سنگِ بنیاد رکھنے کی تقریب گورنمنٹ ماڈرن ہائی اسکول سکھر میں منعقد کی گئی جس میں امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کے صوبائی ڈائریکٹر برائے سندھ اور بلوچستان لیون ایس واسکن، سندھ کے سینئر صوبائی وزیر برائے تعلیم نثار احمد کھوڑو، صوبائی سیکرٹری تعلیم فضل اللہ پیچوہو، طلبا اور اساتذہ کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے USAID کے صوبائی ڈائریکٹر برائے سندھ اور بلوچستان لیون ایس واسکن نے کہا کہ 'پاکستان کا مستقبل نوجوانوں سے وابستہ ہے اور نوجوانوں کے لیے ایک روشن مستقبل تعلیم کے ذریعے ہی ممکن ہے۔' لیون ایس واسکن کا مزید کہنا تھا کہ 'اس اسکول اور امریکی حکومت کے تعاون سے جاری سندھ بیسک ایجوکیشن پروگرام کے تحت 120 نئے اسکولوں کی تعمیر سے نوجوانوں کو تعلیم کی بہترین سہولیات فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔'

اگلے پانچ سال کے دوران امریکی حکومت کے تعاون سے سندھ بیسک ایجوکیشن پروگرام کے تحت 120 نئے اسکولوں کی تعمیر کے ساتھ ساتھ موجودہ اسکولوں کی استعداد بڑھانے کیلیے بھی تعاون فراہم کیا جائے گا۔ اس پروگرام کے تحت اسکولوں کے انتظامی امور بہتر بنانے، لڑکیوں کے اندراج میں اضافے اور ساڑھے سات لاکھ بچوں کی پڑھنے کی صلاحیتیں بہتر بنانے کی کوششیں کی جائیں گی۔ سندھ بیسک ایجوکیشن پروگرام کیلیے حکومت سندھ کی جانب سے 10 ملین ڈالر کی رقم فراہم کی جائے گی۔

امریکی حکومت کی جانب سے تعلیم کے شعبے میں جاری دیگر منصوبوں میں توانائی اور زراعت کے شعبوں میں تحقیق کیلیے ریسرچ سینٹرز کی تعمیر، 16 امریکی اور پاکستانی جامعات میں تعاون کا فروغ، 90 ٹیچر ٹریننگ کالجز اور یونیورسٹیوں میں نئے ڈگری پروگراموں کا اجرا اور اندرون اور بیرون ملک اعلی تعلیم کیلیے اسکالرشپس شامل ہیں۔

####